نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سرآغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) پنجاب رانا علی ارشد کی زیر صدارت سول سیکرٹریٹ لاہور میں لاہور، گوجرانوالہ اور راولپنڈی ڈویژن کی ٹاسک فورس کمیٹیوں کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کا انعقاد

افسران زرعی ادویات وکھادوں کی سوفیصد سیمپلنگ کو یقینی بنائیں۔ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) پنجاب رانا علی ارشد

لاہور 17 مئی 2022:(   ) حکومت پنجاب کی خصوصی ہدایات پر جعلی ز زرعی ادویات وکھادوں کے مکروہ دھندے میں ملوث افراد کے خلاف بلاتفریق قانون کے مطابق کاروائی عمل میں لائی جارہی ہے۔اس ضمن میں افسران روزانہ بنیاد پر کھادوں اور پیسٹی سائیڈز کے مقررہ نرخوں پر فروخت کا ریکارڈ مرتب کرنے کے علاوہ طلب اور رسد پر بھی کڑی نظر رکھیں ان خیالات کا اظہار ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) پنجاب رانا علی ارشد نے سول سیکرٹریٹ لاہور میں گوجرانوالہ، لاہور اور راولپنڈی ڈویژن کی ٹاسک فورس کمیٹیوں کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کے دوران کیا۔اس موقع پر ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) نے مزید کہا کہ کاشتکاروں کو معیاری کھادوں اور زرعی ادویات کی مقررہ نرخوں پر فراہمی یقینی بنانے کے لئے تمام افسران اپنا ڈویژنل پلان بنا کر ایک ہفتہ کے اندر پیش کریں اور بڑی وچھوٹی مارکیٹوں اور دور دراز کے دیہاتوں میں کھادوں اور زرعی ادویات کی 100% سیمپلنگ کو یقینی بنایا جائے گا۔کاشتکاروں کی آگاہی کے لئے زرعی ٹاسک فورس کا ہیلپ لائن نمبر 0300-2955539 تمام کھاد اور پیسٹی سائیڈ ڈیلرز، کمشنر، ڈپٹی کمشنر اور محکمہ زراعت کے دفاتر پر نمایاں جگہ پر آویزاں کی جائے اور کاشتکاروں کو بتایا جائے کہ وہ اس نمبر پر بذریعہ ایس ایم ایس / واٹس ایپ شکایات کو درج کرواسکتے ہیں جس پر کاشتکاروں کی شکایات کا 24 گھنٹے میں ازالہ کیا جائے گا۔قبل ازیں ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) پنجاب رانا علی ارشد کو لاہور، گوجرانوالہ اور راولپنڈی ڈویژن کے محکمہ زراعت (توسیع) اور پیسٹ وارننگ کے افسران نے جعلی زرعی ادویات و غیر معیاری کھادوں کے خلاف جاری مہم کے متعلق موجودہ صورت حال سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ موجودہ مالی سال کے دوران لاہور، گوجرانوالہ اور راولپنڈی ڈویژن میں کھادوں کے 1253 نمونہ جات کی جانچ کی گئی جس میں سے 45 غیر معیاری پائے گئے۔اس کے علاوہ جعلی زرعی ادویات وکھادوں کے کاروبار میں ملوث افراد کے خلاف 73 ایف آئی آرز درج کروائی گئیں اور 35 افراد کی گرفتاری عمل میں لائی گئی ہے۔امسال 2 کروڑ 45 لاکھ روپے مالیت کی جعلی زرعی ادویات اور غیر معیاری کھادوں کو ضبط کیا گیا اور زیادہ قیمت کی وصولی پر ڈیلرز کو 65 لاکھ سے زائد جرمانے عائد کیے گئے۔اجلاس میں ڈائریکٹر زراعت (توسیع) لاہور ڈویژن شیر محمد شراوت، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت (توسیع) راولپنڈی ملک عارف، ڈپٹی ڈائریکٹر پیسٹ وارننگ اینڈ کوالٹی کنٹرول آف پیسٹی سائیڈز لاہور محمد شہباز، ڈائریکٹر زراعت (توسیع) گوجرانوالہ سمیت دیگر افسران نے شرکت کی۔

☆☆☆☆